24/05/2026

07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبرنامہ لےکر میں...مسرت شاہ

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ بھارت اور امریکہ کا باہمی تعلقات اور تجارتی سلسلہ مزیدمضبوط کرنے پر اتفاق// نئی دلی میں دونوں ملکوں کے وزرائے خارجہ کے درمیان وسیع معاملات پر تبادلہ خیال ۔

*........ لیفٹنٹ گورنر کی سرینگر میں NCC کیمپ میں شرکت //ملک کو بلندیوں تک لیجانے کیلئے نوجوانوںپر اعتماد کا کیا اظہار ۔

*........ بارہمولہ کنڈی میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی // بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد ۔

اور

*........ مرکزی پبلک سروس کمیشن کی طرف سے سول سروسز2026کا پری لمنری امتحان منعقد ۔

بھارت امریکہ

بھارت اور امریکہ نے دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مزیدمضبوط کرنے اور تجارتی تعلقات کوفروغ دینے پر اتفاق کر لیا ہے ۔اس سلسلے میںآج نئی دلی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور بھارت کے دورے پر آئے ان کے امریکی ہم منصب مارکو روبیو کے درمیان وسیع معاملات پر بات چیت ہوئی۔اس موقعے پر ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ بھارت اور امریکہ گہرے اور وسیع البنیاد تعاون کے ساتھ

ایک جامع عالمی سٹرٹیجک شراکت داری کا اشتراک کرتے ہیں اور دونوں ممالک کے تعلقات دنیا پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ انہوںنے کہا کہ آج کی بات چیت ایک پیچیدہ عالمی ماحول مینملی ، لیکن یہ نتیجہ خیز مذاکرات پر اعتماد کا اظہار بھی ہے ۔ اس موقعے پر امریکی وزیر خارجہ نے دونوں ملکونکے درمیان شراکت داری کے سٹرٹیجک پہلو پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کو دنیا میں امریکہ کے سب سے اہم شراکت داروں میں سے ایک کے طور پر اہمیت حاصل ہے ۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نےکہا ہے کہ بھارت اپنے نوجوانوں کے تئیں نہایت پر امیدہے اور اسُے اعتماد ہے کہ ہماری نئی پیڈی اس ملک کو نئی بلندیوں تک پرواز کروائے گی ۔

آج سرینگر میں NCC کے زیر اہتمام خصوصی قومی یکجہتی کیمپ میں شرکت کرتے ہوئے انہوں نے ملک کے مختلف علاقوں سے آئے NCC کیڈٹس کے ساتھ بات چیت کی۔

........NCC....LG...........

ایل جی نے کہا کہ NCCکو NCC کیڈٹس کے اقدار نہ صرف بر قرار رکھنے ہیں بلکہ اپنے تئیں عوام مینپھیلتے ہوئے اس اعتماد کا احترام بھی کر لینا چاہئے ۔

کیڈٹس کی رنگا رنگ کار کردگی بھی پیش کی گئی،جو بھارت NCC کیمپ کے دوران کے بھر پور ثقافتی تنوع کو واضح طور پر ظاہر کرتی تھی ۔ کیمپ کے دوران ملک بھر سے340کیڈٹس اور افسران شامل تھے۔اس موقعے پر NCC // کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹنٹ جنرل ویریندرا واٹس بھی موجود تھے۔

سنہا

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے ایک معروف قومی اخبار انڈین ایکسپریس مینمنشیات کے خلاف جنگ کے بارے میں اجے سنگھ کے مضمون کو ہر کسی کیلئے پڑھنے کے لائق بتایا ہے۔

اس مضمون میں منشیات کی لعنت کو ہرانے کیلئے سماج اور انتظامیہ کا اہم رول ، متاثرین کی بازآباد کاری اور نار کو ٹیرر نیٹ ورک کو تہس نہس کرنے کے اقدامات پر بات کی گئی ہے۔

عمر تعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج لنگیٹ جا کر رکن پارلیمان انجینئر شیخ رشید اور ممبر اسمبلی خورشید احمد شیخ کے ساتھ ان کے والد حاجی خضر محمد شیخ کی رحلت پر ان سے تعزیت پرسی کی ۔

وزیر اعلیٰ نے سوگوار کنبے کی ڈھارس بندھائی اور مرحوم کے حق میں مغفرت کی دُعا بھی کی ۔

اُن کے ہمراہ کابینہ وزیر جاوید احمد ڈار ، راجیہ سبھا کے ممبر چودھری محمد رمضان اور کچھ دیگر اہم شخصیات بھی تھیں۔

بارہمولہ

سکیورٹی فورسز نے آج بارہمولہ کے کنڈی علاقے میں ایک خصوصی کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارو ضبط کر لیا۔ ہمارے بارہمولہ کے
کریری نے نلسر میں ایک باغ SOG نمائندے کے مطابق 52آر آر ، سی آر پی ایف اور سے 14آر پی جی شل ،9بسٹر ، تین کپ اور شیشے کی کچھ بوتلینبرآمد کر لی ۔اس موقعے پر بم ناکارہ بنانے والے سکارڈ کو بھی طلب کیا گیا جبکہ معاملے سے متعلق چندوسہ کے پولیس اسٹیشن میں ایک کیس بھی درج کر لیا گیا۔

سکینہ

تعلیم اورسماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے عوام اپنے جائز حقوق اور ان سے کئے گئے وعدوں کیلئے ابھی بھی منتظر ہے ۔اننت ناگ میںآج ایک میریج ہال کا افتتاح کرنے کے موقعے پر انہوں نے کہاکہ ریاستی درجے

کی بحالی کیلئے جدو جہد جاری رہے گی ۔

انہوں نے کہا کہ یہ میریج ہال مقامی لوگوں کی ایک دیرینہ مانگ تھی جس کی بدولت ان کیلئے ایک بڑی سہولت پیدا ہو گئی ہے ۔ہمارے اننت ناگ کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اس موقعے پر MLA عبدالمجید لارمی اور دیگر متعلقہ عہدیدار بھی موجود تھے۔

دریں اثنا وزیر موصوفہ نے آج بڈگام جا کروہاں ایک کمسن بچی کیساتھ پیش آئے دلخراش واقعے پر متاثرہ کنبے کے ساتھ تعزیت اور یکجہتی کا اظہا رکیا ۔انہوں نے متاثرہ کنبوں کو سرکار کی طرف سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

حج

آج ذالحجہ کی7ویںتاریخ ہے ۔ ان دنوں لاکھوں کی تعداد میں عازمن حج سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں حج کی ادائیگی کےلئے جمع ہو رہے ہیں۔

Talbia

واضح رہے کہ مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ کل سے شروع ہو رہا ہے۔ اس دن عازمین حج احرام باندھے ہوئے پورا دن منیٰ میں گذاریں گے۔ 9ذوالحجہ کو نماز فجر کے بعد عازمین وقوف عرفات کےلئے میدانِ عرفات روانہ ہو نگے۔

Talbia

UPSC

مرکزی پبلک سروس کمیشن کی طرف سے سو ل سروسز2026کے سلسلے میں آج سرینگر میں صوبائی انتظامیہ کشمیر کی نگرانی میں 9ذیلی امتحانی مراکز پر امتحان کا عمل کامیابی کے ساتھ منعقد کیا گیا۔

اس سلسلے میں سلامتی سمیت دیگر طرح کے سبھی معقول انتظامات کئے گئے تھے۔سبھی ذیلی امتحانی مراکز میں امید واروں کی حاضری ،چہرے کی شناخت کی بنیاد پر کی گئی جو صد فیصد کامیاب رہی ۔

کل ملا کے 2ہزار1امید وار امتحان میں شامل ہوئے جن میں27امیدوار جسمانی طور سے خاص تھے۔جسمانی طور سے خاص امید واروں کیلئے گورنمنٹ کالج آ ف روڈ سرینگر میں تمام ضروری سہولیات سے لیس ایک مخصوص MA ایجوکیشن مرکز قائم کیا گیا تھا ۔

بڈگام

بڈگام پولیس نے کہا کہ وہ گلوان پورہ سبدن میں ایک معصوم لڑکی کے قتل واردات کی تحقیقات کر رہی ہے اور قاتلوں کا بہت جلد پردہ فاش کیا جائے گا تاہم پولیس نے لوگوں خاص کر سوشل میڈیا ہینڈلروں کو متنبہ کیا ہے کہ وہ مقتولہ کی تصاویر سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کرنے سے گریز کریں ، جو اخلاقی قدروں کے منافی ہے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن کر سکتے ہیں۔

-----

این سی

نیشنل کانفرنس نے کہا ہے کہ پور ی دنیا خصوصاً مشرق وسطیٰ اور بر صغیر// مشرقِ وسطیٰ کے بحران کے حل کیلئے بیتاب ہے اور وہ امن بات چیت اور سفارتی سطحوں پر ایران امریکہ تنازعہ کو حل کرانے کے خواہاں ہے۔

سرینگر میں ذرائع ابلاغ سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ کشمیری عوام ہمیشہ افہام و تفہیم کو ترجیح دیتی آئی ہے کیونکہ اسی میں امن و سلامتی کا راز مضمر ہے۔

اسی دوران پارٹی کے ارکان پارلیمان میاں الطاف احمد ، ایڈوکیٹ چودھری محمد رمضان، سجاد احمد کچلو اور شمی اوبرائے نیز نیشنل کانفرنس کے اسمبلی ممبران لیڈران کی طرف سے عمر عبداللہ سرکار پر انگشت نمائی کرنے کیلئے BJP نے بعض ان کی زبردست مذمت کی ہے ۔

حلیمہ سعدیہ

شعبہ تعلیم سماج میں ایک مثبت بدلاؤ لانے میں کلیدی رول ادا کر تا ہے تاہم وقت کی ضرورت ہے کہ شعبہ تعلیم کو جدیدیت سے ہمکنار کرنے کے ساتھ ساتھ اس میں جدید تقاضو ں کے مطابق بدلاؤ لایا جائے ۔

اس تعلق سے دبئی میں مقیم ایک بین الاقوامی شہرت یافتہ تعلیم دان اور Sustainability کی پیرو کار ڈاکٹر حلیمہ سعدیہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

--Haleema Sadiya--

ستیش شرما

اسی دوران کابینہ وزیر ستیش شرما نے بھی نوجوانوں سے کہاہے کہ وہ ایک مضبوط ، صحت مند اور منشیات سے پاک جموں کشمیر کی تعمیریقینی بنائیں ۔

جموں مینمنعقدہ سالانہ انعامات کی تقسیم کاری اور ایک ثقافتی پروگرام میں JNV وہ طالب علموں ، اساتذہ ، والدین اور دیگر ارکان سے خطاب کر رہے تھے۔

نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

منشیات سے متعلق ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

...........LG...........

جمونو کشمیر میں نوجوانوں کو اس بدعت سے دوررکھنے کےلئے لازمی اقدامات کے تعلق سے ڈاکٹر محمد یوسف ٹاک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

----M.Yousf Tak----

کشمیر پولیس

پولیس نے نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت اپنی کارروائی جاری رکھتے ہوئے وادی کے مختلف علاقونمیں چھاپے ڈالے ، گرفتاریا ں عمل میں لائیں اور بیداری پروگرام منعقد کئے۔

گاڑی سے ساڑھے چار کلو Eon اننت ناگ پولیس نے ایک اہم کارروائی کے دوران گرام چرس ضبط کر لی ۔ پولیس نے گاڑی اور اس میں سوار دونوں افراد کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے نقد پچاس ہزا ر روپے بھی بر آمد کر لئے۔ادھر بجبہاڑہ علاقے میں ایک کارروائی کے دوران تین کلو سے زائد چرس بر آمد کر لی گئی۔

رکھ نو بگ علاقے میں ایک ناکے کے دوران عمر رشید گنائی نامی شہری سے تین سو گرام کے قریب چرس برآمد کر لی گئی، جبکہ نٹی پورہ بجبہاڑہ میں بشیر احمد ڈار کے گھر سے تلاشی کے دوران قریب تین کلو گرام چر س ضبط کر لی گئی۔

کے تحت دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا ۔NDPS اننت ناگ میں ہی پولیس نے

اونتی پورہ میں کئی مقاما ت پر منشیات کے کاروبار سے متعلق شکایات پر چھاپے ڈالے گئے ۔ پولیس نے سومو اسٹینڈ اونتی پور ہ میں ایک بیداری پروگرام کا اہتمام کیا جس میں بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

ادھر شمالی کشمیر کے بارہمولہ ضلع میں بھی پولیس نے منشیات مخالف مہم جاری رکھی ۔

گورنمنٹ ہائر اسکنڈری اسکول دیوان باغ بارہمولہ سے ایک ریلی نکالی گئی جس کو ٹیچرس ایسو سی ایشن کا تعاون حاصل تھا ۔ یہ ریلی خانپورہ مین چوک میں اختتام پذیر ہوئی۔

ضلع کے پلہالن پولیس پوسٹ کے تحت آنے والے علاقوں میں بھنگ ہٹانے کی کارروائی انجام دی گئی۔جبکہ بٹہ پورہ کنزر میں دار القرآن کے اشتراک سے ایک روڈ ریلی بر آمد کی گئی جس میںلوگوں کی اچھی تعداد شامل تھی۔

جموں پولیس

جموں صوبے میں بھی پولیس نے نشہ مکت ابھیان کے تحت سانبہ ، کشتواڑ اورادھمپور اضلا ع میںخصوصی کارروائی کے دوران ہیروئن ضبط کی اور ایک منشیات فروش کی پراپرٹی ضبط کر لی ۔

کار سے دو ران تلاشی پچاس گرام ہیروئن بر Swift ادھمپور میںمجالٹھناکے پر ایک آمد کرکے اس کے ڈرائیور ریان مختار ساکنہ بڈگام نگر سرینگر اور اس کے معاون عبید لون ساکنہ ہانجی دانتر اننت ناگ کو گرفتار کر لیا۔

ٹیٹوال

فوج کی طرف سے آج ٹنگڈار کرناہ میں نشہ مکت بھارت ابھیان کی ایک کڑی کے طور پر مقامی لوگوں کی شرکت اور حب الوطنی کے جذبے کے ساتھ یوم ٹیٹوال منایاگیا۔ اس موقعے پر اس خطے میں مالا مال ملٹری وراثت کی عکاسی کی گئی اور قوم کیلئے جان دے چکے فوجی جوانوں کو شاندار خراج عقیدت ادا کیا گیا۔

اس سلسلے میں منعقدہ ایک میرا تھن میں ساڑھے تین سو مرد و زن نے حصہ لیا۔ اس موقعے پرپروگرام میں شامل لوگوں نے ایک صحت مند اور منشیات سے پاک معاشرے کی تعمیر کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کاعہد کیا۔

اعجاز بشیر

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرینتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔

........Aijaz Bashir........

عرس

کشمیر میں بانی اسلام حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کے سالانہ عرس کے دوسرے دن بھی آج خانقاہ معلی سرینگر میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے حاضری دی ۔ وہاں دوران شب مولود خانی اور ختمات المعظمات نیز اوراد خوانی کی روح پرور مجالس کا اہتمام ہوا ۔

کل کی تقریب پر نماز ظہر سے قبل میر واعظ کشمیر مولوی ریاض احمد ہمدانی نے حضرت امیر کبیرؒ کی تاریخ ساز اسمبلی خدمات کو اجاگر کیا۔

بینک

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ بنک کی طرف سے اس سال ایک بڑی Recruitment Drive - شروع کی جا رہی ہے

امیتابھ چٹر جی CEO اس تعلق سے جمونو کشمیر بینک کے منیجنگ ڈائریکٹر اور نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-----Amitab----

IIMC

انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی نے تعلیمی سال 2026-27 کےلئے اُر دو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کورس کےلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

نے کہا ہے کہ اس Dr. Pragya Paliwal Gaur نئی دلی کی وائس چانسلر IIMC کورس میں 30 نشستوں کےلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 26 مئی ہے اور امتحان یکم جون کو لیا جائے گا۔

----Promo-----

ریل

اور اب ریل سے متعلق یہ خبر

------Music------

شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے مسافروں کی سہولیت اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے کئی اہم اقدام کئے ہیں۔ اس سلسلے میں ٹکٹ چکینگ کا ایک خصوصی عمل بھی شروع کیا گیا جس کے تحت دو دن کے دوران ایک ہزار61مسافروں سے ٹکٹ نہ رکھنے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے کی پاداش میں 5لاکھ 13ہزار روپے جرمانہ وصول کیا گیا ہے۔

------Music------

ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کریں گی ۔اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈوں کا اعلان کیا ہے جن میں پانچ پدم وبھوشن ،13پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔

ایوارڈ پانے والوں میں16 خواتین بھی شامل ہیں جبکہ 16 افراد کو بعد از مرگ یہ ایوارڈ دیئے جا رہے ہیں ۔

قابل ذکر ہے کہ اس سال پدم شری پانے والوں میں جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے معروف ماہر تعلیم پروفیسر شفیع شوق اور سماجی شخصیت برج لال بٹ بھی شامل ہیں۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 31تاریخ کو اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔

آکاشوانی پر نشر ہونے والے اس ماہانہ پروگرام کی یہ 134 ویںقسط ہو گی۔ اس پروگرام کیلئے لوگ اپنی آراءاور تجاویزٹول فری نمبر 1800-11-7800 پر بھیج سکتے ہیں۔ تجاویز نریندر مودی ایپ یا MyGov OpenForum پر بھی 29 مئی تک بھیجی جا سکتی ہیں۔

عام لوگ اس مقصد کیلئے 1922 پر ایک مس کال بھی دے سکتے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت27 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26 اعشاریہ7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 23 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر33منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔**

**اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ**